سوال

(396) انفرادی نماز جمعہ ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ جب انفرادی طور پر ادا کیا جائے تو اس کے لیے دو رکعت پڑھی جائیں یا چار نیز خواتین کے لیے نماز جمعہ کی کیا حیثیت ہے اور جمعہ کم از کم کتنے آدمیوں کا ہونا ضروری ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ انفرادی طور پر نہیں ادا ہوتا اس کے لیے جماعت کا ہونا ضروری ہے حدیث میں ہے کہ چار کے علاوہ نماز جمعہ باجماعت ادا کرنا مسلمان پر فرض ہے صرف عورت نابالغ غلام اور بیمار اس حکم سے خارج ہیں۔ سنن ابی داؤد کتاب الجمعة)

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس موضوع پر مفصل بحث کی ہے۔ (نیل الاوطار: 2/285)

اگر کسی کا جمعہ رہ جائے تو وہ انفرادی طور پر چار رکعت ظہر ادا کرے گا خواتین کے لیے جمعہ فرض نہیں اگر وہ گھر میں باجماعت کا اہتمام کر لیں تو باجماعت دو رکعت پڑھنے کی گنجائش ہے جمعہ چونکہ باجماعت ادا کیا جاتا ہے اس لیے کم از کم دو کا ہونا ضروری ہے خواتین جو مسجد میں جا کر نماز جمعہ ادا کرنا چاہتی ہوں وہ ایسا کر سکتی ہیں صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نماز و غیرہ کے لیے مسجد میں جانا ثابت ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:408